طب وصحت

محمد طفیل طوفی

آسان گھریلو نسخے

ٹوٹی ہڈی جوڑ لیجئے: بیر کی گٹھلی پیس کر پرانے سرکہ میں ملا کر ٹوٹی ہوئی ہڈی کے مقام پر لگا کر مضبوط باندھ دیں۔

اندرونی چوٹ کا درد: تھوڑے سے پانی میں نمک ملا کر گرم کر لیں اور چوٹ کی جگہ پر لیپ کر دیں، درد دور ہو جائے گا۔ اگر اندرونی چوٹ کا درد ہو تو 20 گرام نمک، دار چینی ملا کر کھا لیں، درد ختم ہوگا۔

آگ کا زخم مندمل کرنا: گاجر پیس کر جلے ہوئے مقام پر لیپ کریں۔ اگر اس جگہ شہد لگائیں تو زخم کا نشان بھی ختم ہوگا۔ سفید شکر پانی میں ملا کر جلے ہوئے مقام پر لگا لیں، سوزش ختم ہوگی۔ اگر اس جگہ انڈے کی سفیدی لگائیں تو سوزش کے خاتمہ کے ساتھ آبلہ بھی نہیں پڑے گا۔

دانت درد اور منہ کی سوزش کے لیے: دس گرام دھنیا پانی میں ابال کر کلی کر لیں۔

بستر پر پیشاب کی عادت کا خاتمہ: زیرہ سیاہ اور پوستِ آملہ ہم وزن پیس کر دس گرام تک شہد ملا کر کھلائیں۔ انڈا کھلانے اور خوبانی کا تیل استعمال کرنے سے بھی اس عادتِ بد کا خاتمہ ہو جائے گا۔

دردِ سر کا علاج: سر میں زیتون کی مالش کیجئے یا پیاز کاٹ کر سونگھ لیجئے یا پتی والی چائے میں آدھا لیموں نچوڑ کر چینی یا نمک ملا کر پی لیجئے یا پیاز سل پر پیس کر پاؤں کے تلووں پر لیپ کیجئے یا دہکتے انگاروں پر شکر ڈالئے، اس دھوئیں سے دردِ سر ختم ہوگا۔

نظر کی تیزی: نظر تیز کرنے کے لیے چٹکی بھر سونف، ذرا سی مصری اور چار بادام رات کو سوتے وقت کھا لیجئے۔ کھانے کے بعد ہرگز پانی نہ لیجئے گا، نگاہ دن بہ دن تیز ہوتی جائے گی۔

یرقان کے لیے: زرد بادامی گاجریں کھرل کر کے نچوڑ لیں، اس میں دس گرام مصری ملا کر صبح و شام پیتے رہیں۔

قبض کا خاتمہ: بغیر چھنے آٹے کی روٹی استعمال کیجئے یا انجیر دودھ میں ملا کر کھا لیجئے قبض دور ہو جائے گا۔

دمہ کے لیے: تازہ پیوسی (وہ دودھ جو بچہ جننے کے بعد گائے پہلی بار دے) جس کی حرارت ختم نہ ہوئی ہو، اچھی طرح پیٹ بھر کر پینے سے دمہ ختم ہو جاتا ہے۔ [بشکریہ ماہنامہ معراج انسانیت جو 2011ء]

جماعتی خبریں

(جولائی تا ستمبر 2013ء)

5 اگست بمطابق 25 رمضان: جامعہ دارالعلوم بلتستان غواڑی کے سینئر مدرس مولانا محمد یونس فردوسی کوروئی کراچی کے ایک نیوی ہسپتال میں مختصر علالت کے بعد وفات پا گئے۔ نعش بائی روڈ بلتستان لائی گئی۔ 8 اگست کو جامعہ دارالعلوم اولڈ کیمپس گراؤنڈ میں نماز جنازہ ادا کی گئی۔ اس کے بعد اپنے آبائی جگہ کوروکی "ہلتیپ قبرستان" میں سپرد خاک کیا گیا۔

مرحوم جامعہ ام القریٰ مکہ مکرمہ کے فارغ التحصیل اور جامعہ ہذا کے مدرس تھے۔ لگ بھگ 89-1988ء سے جامعہ دارالعلوم میں پڑھاتے تھے۔ آپ نے کئی بیٹے اور بیٹیاں چھوڑیں۔

29 اگست: مولانا محمد ابراہیم خلیل بن عبدالصمد حفظہ اللہ تشریف لائے۔ اور کلیۃ البنات ثانیہ عالیہ میں صحیح بخاری شریف کے دروس کا آغاز فرمایا۔ اس دوران تعلیم و تربیت نسواں کے حوالے سے متعدد کتابوں سے منتخب دروس بھی دیے۔ اساتذہ کرام کو اپنی طویل دعوتی زندگی کی روشنی میں مفید معلومات دیں۔ موصوف مدینہ یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے والے اولین کارواں سے تعلق رکھتے ہیں۔ کلیۃ الشریعہ سے فارغ ہوئے۔ اور مدرسۃ الفلاح ممباسا کینیا کا انتخاب کر کے اپنی دعوت وتبلیغ کا سلسلہ شروع کر دیا۔ سینکڑوں افراد عیسائیت سے مشرف بہ اسلام ہوئے۔ ہزاروں طلباء نے کتاب وسنت کی تعلیم حاصل کی، جو خود بھی براعظم افریقہ کے اندر دعوت وتبلیغ میں بڑی خدمات رکھتے ہیں۔

6 ستمبر: جامع مسجد گھرپی کھور میں رواں سال عازمین حج کے لیے تربیتی پروگرام "اللھم لبیک" منعقد کیا گیا اس روح پرور پروگرام میں غواڑی وکھرفق کے عازمین حج مرد وخواتین نے شرکت کی۔ اس پروگرام میں فضائل حج وعمرہ، آدابِ سفر، مسائل حج وعمرہ اور حجاج کرام کی عام غلطیوں پر مدلل روشنی ڈالی گئی۔ خطاب کرنے والے علماء میں مولانا عبدالرحمن حنیف، مولانا ابراہیم خان، مولانا شریف بلغاری، مولانا یوسف سالک، مولانا علی زاہد اور مولانا عنایت اللہ شامل تھے۔ اور یہ پروگرام شؤن الدعوۃ جمعیت اہلحدیث بلتستان کے زیر انتظام منعقد ہوا۔

10 ستمبر: چیف کنٹرولر فیڈرل بورڈ اسلام آباد، جناب پرنسپل جناح پبلک سکول سکردو انیس صاحب اور پرنسپل پبلک اینڈ کالج سکردو نے الاثر پبلک سکول غواڑی کا دورہ کیا۔ چیئر مین گورننگ باڈی مولانا عبدالواحد صاحب، جناب ابراہیم صاحب اور اساتذہ سے ملاقات اور تبادلہ خیالات کیا، چیف کنٹرولر صاحب نے طلباء کے علمی معیار کو جانچنے کے لیے کلاسوں